سبق:۱۰

# عقلمند بکری





ایک بکری چر رہی ہے دور سے ایک بھیڑیا آتا ہے۔ بھیڑیا بکری کو دیکھ کر سوچتا ہے۔ اگر میں اسے گپھا میں لے جاؤں تو میں اور میری ماں اسے مزے سے کھائیں گے۔ کچھ قریب آکر.......

بھیڑیا: بہن بکری! کیا کر رہی ہو؟

بکری: گھاس کھا رہی تھی اب میرا پیٹ بھر گیا ہے۔ گھر جا رہی ہوں۔

بھیڑیا: جاتی کہاں ہو؟ میں تو تمہیں ہی تلاش کر رہا تھا۔

بکری: (ڈر کر) مجھے کیوں؟

بھیڑیا: بہن! کیا بتاؤں؟ میری ماں بہت بیمار ہے۔ حکیم بھی کہتے ہیں کہ ماں کو بکری کا دودھ پلاؤ۔ لیکن بکری کا دودھ نہیں ملا۔

بکری: میں دودھ دے دوں گی۔

بھیڑیا: تو ہمارے گھر چلو۔ میں سامنے کے گپھا میں رہتا ہوں۔

بکری: (دل ہی دل میں۔ میں اگر اسکی بات نہیں مانوں گی تو یہ ابھی مجھ پر جھپٹ پڑے گا) بکری بھیڑیا کے پیچھے چلتی ہے۔ دونوں گپھا کے دروازے پر پہنچتے ہیں۔

بھیڑیا: (مڑ کر) آؤ، آؤ بہن! اندر آؤ۔

بکری:( کچھ سوچ کر کہتی ہے ) گپھا کا دہانہ بہت چھوٹا ہے۔میں اس کے اندر گھس نہیں پاؤں گی۔تم یہیں دودھ لے لو۔

بھیڑیا: اچھا میں برتن لاتا ہوں۔

بھیڑیا:( دودھ لیتے ہوئے ) بکری بہن! بہت، بہت شکریہ۔اب میری ماں ٹھیک ہو جایے گی۔ماں نے کل تمہیں دعوت پر بلایا ہے۔تم ضرور آنا۔

بکری: کچھ سوچ کر ہاں، ہاں ضرور آؤں گی۔میں اپنے دوست کو بھی ساتھ لاؤں گی۔

بھیڑیا:( دل میں سوچتا ہے بکری.....!! واہ کیا خوب دعوت رہے گی )

بکری: میرا دوست بہت ہی پیٹو ہے۔بہت زیادہ کھانا بنانا۔جانتے ہو تم اسے؟

بھیڑیا: کس کی بات کہہ رہی ہو؟

بکری: شکاری کتے کو جانتے ہو؟ یہ کہہ کر بکری ہنسنے لگی۔

بھیڑیا: بھاگو، بھاگو کہیں شکاری کتا یہاں نہ آجایے۔اور میرا کام تمام نہ کر دے۔( بھیڑیا اور اس کی ماں گپھا سے نکل کر بھاگنے لگتے ہیں )

اس طرح عقل مند بکری نے اپنی جان بچالی۔

★★★









الفاظ اور معانی

| معنی | لفظ | معنی | لفظ |
|---|---|---|---|
| غار۔کھوہ چھپنے۔کی جگہ | گپھا | تلاش کرنا | ڈھونڈنا |
| جان سے مار ڈالنا | کام تمام کرنا | چھلانگ لگانا۔حملہ کرنا | جھپٹ پڑنا |

## مشق

(ا) سوالوں کے جواب دیجیے:

(الف) بھیڑیے نے بکری کو دیکھ کیا سوچا؟

(ب) بکری گھاس چرنا چھوڑ کر کیوں بھیڑیے کے ساتھ چل پڑی؟

(ج) بھیڑیا کیوں دودھ لینا چاہتا تھا؟

(د) بھیڑیا بکری کو کیوں دعوت پر بلانا چاہتا تھا؟

(ہ) بکری نے اپنے کس دوست کو دعوت پر بلانا چاہا؟

(۲) نیچے دی گئی مثالوں کو دیکھیے اور خالی جگہوں کو پر کیجیے:۔

(الف) ہوشیار : بیوقوف

آگے ............ کم ............

(ب)

لومڑی لومڑیاں

بکری ............

مرغی ............

تتلی ............

بلی ............

لڑکی ............

★★★